Series : HF1EG

SET – 4

رول نمبر
Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

| Q.P. کوڈ<br>Q.P. Code | 5A |
|---|---|

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 11 ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 18 ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے، سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی میں دی گئی جگہ پر ضرور لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

عام ہدایات:

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصّے ہیں جن میں **18** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) **حصہ-الف** : 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے **20** نمبر کا ہے۔

(iii) **حصہ-ب** : 'تحریری مہارت' کے حوالے سے **25** نمبر کا ہے۔

(iv) **حصہ-ج** : 'عملی قواعد' کے حوالے سے **20** نمبر کا ہے۔

(v) **حصہ-د** : 'ادب' کے حوالے سے **15** نمبر کا ہے۔

(vi) ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains **Four** Sections and **18** Questions.

(ii) **Section – A** : "Reading and Comprehension" carries **20** marks.

(iii) **Section – B** : "Writing Skill" carries **25** marks.

(iv) **Section – C** : "Functional Grammar" carries **20** marks.

(v) **Section – D** : "Literature" carries **15** marks.

(vi) Write answers as per the instructions.

## حصہ – الف: عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION – A : Reading and Comprehension (20 Marks)

1. مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

''ہاکی'' ہندوستان کا قومی کھیل ہے۔ یہ کھیل بہت سے ملکوں میں نہایت مقبول ہے۔ اس کھیل کی شروعات کب اور کہاں ہوئی، اس بارے میں کچھ بھی یقین سے نہیں کہا جاسکتا۔ تاریخی شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پرانے زمانے میں کئی ملکوں میں ہاکی جیسا ایک کھیل رائج تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کھیل کی ابتدا تقریباً دو ہزار سال قبل مسیح ایشیا میں ہوئی۔ لیکن یہ اشارے بھی ملتے ہیں کہ عرب، روم اور ایتھوپیا وغیرہ میں بھی اس سے ملتا جلتا کھیل رائج تھا۔ ہر جگہ لوگ اس کھیل کو اپنے اپنے اصولوں کے مطابق کھیلتے اور الگ الگ ناموں سے پکارتے تھے۔ اسے روم میں پیگانیکا، انگلینڈ میں کامبوکا، اسکاٹ لینڈ میں شنٹی، فرانس میں جین دی میل اور نیدر لینڈ میں نیٹ کولون کہتے تھے۔ اب تک حاصل معلومات کے مطابق یہ کھیل پہلی مرتبہ ٹیم بنا کر 478 قبل مسیح میں کھیلا گیا۔ نئے زمانے کی ہاکی کا ارتقا برطانیہ کے کچھ جزیرہ نما علاقوں میں ہوا۔ انیسویں صدی کے پہلے نصف تک یہ کھیل بہت سے ملکوں میں کھیلا جانے لگا تھا۔

(i) ہاکی کھیل کی شروعات کہاں ہوئی؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) ایشیا (B) عرب

(C) روم (D) کچھ نہیں کہا جاسکتا

(ii) اب تک حاصل معلومات کے مطابق یہ کھیل پہلی مرتبہ ٹیم بنا کر کب کھیلا گیا؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) 2000 قبل مسیح (B) 478 قبل مسیح

(C) 19ویں صدی (D) 20ویں صدی

(iii) 'ہاکی' کہاں کا قومی کھیل ہے؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) ہاکی کو مختلف ممالک کے لوگ کس کس نام سے پکارتے تھے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

(v) نئے زمانے کی ہاکی کا ارتقا کہاں اور کب ہوا؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

2. درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

کاٹ لینا ہر کٹھن منزل کا کچھ مشکل نہیں — اِک ذرا انسان میں چلنے کی ہمّت چاہیے

مل نہیں سکتی زمانے میں نکمّوں کو مراد — کامیابی کی جو خواہش ہو تو محنت چاہیے

خاک محنت ہو سکے گی ہو نہ جب ہاتھوں میں زور — تن درستی کے لیے ورزش کی عادت چاہیے

جو بُروں کے پاس بیٹھے گا بُرا ہو جائے گا — نیک ہونے کے لیے نیکوں کی صحبت چاہیے

علم کہتے ہیں جسے سب سے بڑی دولت ہے یہ — ڈھونڈ لو اس کو اگر دنیا میں عزت چاہیے

(i) کامیابی چاہنے والوں کو ________ کرنی چاہیے۔ (خالی جگہ بھرنے کے لیے درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) ہمّت (B) محنت

(C) عادت (D) عزّت

(ii) سب سے بڑی دولت کسے کہتے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) منزل کو (B) کامیابی کو

(C) علم کو (D) عزّت کو

(iii) اقتباس میں سے 'مشکل' کا مترادف تلاش کر کے لکھیے۔ (ایک لفظ میں جواب دیجیے)

(iv) محنت کرنے کے لیے کیا چیز ضروری ہے اور تن درستی کے لیے کیا چاہیے؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) نیک بننے کا کیا طریقہ ہے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

3. درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے: **5 × 1 = 5**

ہوا اور پانی کی کثافت کو قابو میں رکھنے کے لیے قدرت نے بڑا اچھا انتظام کر رکھا ہے۔ زمین کے سینے میں پھیلے ہوئے جنگلات یہ کام بخوبی انجام دیتے ہیں۔ ہوا کی آلودگی کو درخت اور دیگر پودے جذب کر لیتے ہیں نیز ان ہرے جانداروں سے خارج ہونے والی آکسیجن گیس ہوا کے زہریلے پن کو کم کر دیتی ہے۔ تاہم افسوس کی بات یہ ہے کہ جنگلات بھی انسان کی دسترس سے محفوظ نہ رہے۔ کہیں پر رہائش کے لیے جنگلات کو صاف کیا گیا تو کہیں کھیتی باڑی کے لیے جنگلات کاٹے گئے یا پھر کارخانوں اور فیکٹریوں کو قائم کرنے کے لیے جنگلات کو ختم کیا گیا۔ ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ زمین کا یہ ہرا غلاف اترنے لگا جس کی وجہ سے آلودگی میں مزید اضافہ ہوا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) آزمائش (B) بھولا

(C) مخلوط زبان (D) ماحول بچائیے

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) الطاف حسین حالی (B) سر سید احمد خاں

(C) محمد اسلم پرویز (D) محمد مجیب

(iii) ہوا اور پانی کی کثافت کو قابو میں رکھنے کا کام کون انجام دیتے ہیں؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) درخت اور پودوں کے مختلف کاموں میں سے کسی ایک کام کے بارے میں لکھیے۔ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

(v) کن مقاصد کے لیے جنگلات کو کاٹا گیا؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے: **5 × 1 = 5**

آلامِ روزگار کو آسان بنا دیا — جو غم ہوا اُسے غمِ جاناں بنا دیا

میں کامیابِ دید بھی محرومِ دید بھی — جلووں کے اِزدحام نے حیراں بنا دیا

یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی — یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا

اے شیخ! وہ بسیط حقیقت ہے کفر کی — کچھ قید و رسم نے جسے ایماں بنا دیا

وہ شورِشیں نظامِ جہاں جن کے دَم سے ہے — جب مختصر کیا انھیں انساں بنا دیا

(i) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کی غزل سے لیے گئے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) شاؔد عظیم آبادی (B) فاؔنی بدایونی

(C) اؔصغر گونڈوی (D) یاؔس یگانہ چنگیزی

(ii) شاعر نے ہر غم کو 'غمِ جاناں' کیوں بنایا؟ (نیچے لکھے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) آلام بنانے کے لیے (B) آسان بنانے کے لیے

(C) مسکرانے کے لیے (D) گلستاں بنانے کے لیے

(iii) دنیا کی شورِشوں کو مختصر کر کے کیا بنایا گیا؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) محبوب کے مسکرانے اور بولنے سے کیا ہوا؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

(v) شاعر کو کس چیز نے حیران کر دیا؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

## حصّہ – ب: تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION – B : Writing Skill (25 Marks)

.5 درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر 250 سے 300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: **1 × 10 = 10**

(i) بے روزگاری ایک سنگین مسئلہ ہے

(ii) آبادی بڑھنے کے نقصانات

(iii) میری پسندیدہ تاریخی عمارت

.6 (a) آپ کا نام ریحان/ریحانہ ہے۔ آپ اقرا اسکینڈری اسکول، سردار پور، گیا، بہار کی جماعت دسویں-سی میں زیر تعلیم ہیں۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کرانے کی درخواست لکھیے۔ **1 × 4 = 4**

**(OR) یا**

(b) آپ کا نام ریاض/رانی ہے۔ آپ اے-119، دیانند کالونی، لاجپت نگر، دہلی-110024 میں رہتے ہیں اور نو ٹیگ اسکول، گریٹر کیلاش میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی تیاریوں اور منصوبوں کے بارے میں بتائیے۔ آپ کے والد جی-6، آدیتیہ پور، جمشید پور، جھارکھنڈ-832109 میں رہتے ہیں۔

.7 (a) سر سید احمد خاں کی زندگی اور ادبی خدمات پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ **4**

**(OR) یا**

(b) افسانہ 'نیا قانون' کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

.8 (a) فانؔی بدایونی کی زندگی اور شاعری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ **3**

**(OR) یا**

(b) نظم ''جلوۂ دربارِ دہلی'' کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9. (a) افسانہ ''گلی ڈنڈا'' یا خاکہ ''گدڑی کا لال - نور خاں'' کا خلاصہ 100 الفاظ میں لکھیے۔ **4**

**یا (OR)**

(b) عظیم بیگ چغتائی کی افسانہ نگاری یا محمد طفیل کی خاکہ نگاری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔

## حصّہ – ج: عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION – C : Functional Grammar (20 Marks)

10. 'فعل' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے: **3 + 1 + 1 = 5**

(i) درج ذیل فعل کی مختلف قسموں کی تعریف بیان کی گئی ہیں۔ غور سے پڑھیے اور ہر قسم پہچان کر لکھیے یہ کون سا فعل ہے؟

(الف) وہ فعل جس میں کسی کام کا اثر صرف فاعل تک محدود رہے۔

(ب) وہ فعل جس کو اپنے مفہوم کے لیے مفعول کی ضرورت ہوتی ہے۔

(ج) وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا مکمل طور پر واضح نہیں ہوتا۔

(ii) درج ذیل میں سے فعلِ معروف کی درست مثال بتایئے۔ (متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) سلیم نے غریبوں میں کمبل تقسیم کیے۔

(B) آج غریبوں میں کمبل تقسیم کیے گئے۔

(C) ایک زمانے سے غریبوں کو کمبل تقسیم کیے جاتے ہیں۔

(D) اب غریبوں کو کمبل تقسیم نہیں کیے جا رہے۔

(iii) درج ذیل میں سے فعلِ مجہول کی درست مثال بتایئے۔ (متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) سلیم نے غریبوں میں کمبل تقسیم کیے۔

(B) آج غریبوں میں کمبل تقسیم کیے گئے۔

(C) ہم ایک زمانے سے غریبوں کو کمبل تقسیم کرتے ہیں۔

(D) اب وہ لوگ غریبوں کو کمبل تقسیم نہیں کرتے۔

11. علمِ بیان اور علمِ بدیع سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے: 3 + 1 + 1 = 5

(i) اس شعر کو غور سے پڑھیے اور نیچے لکھے سوالوں کے جواب لکھیے:

اور تو مجھ کو ملا کیا مری محنت کا صلہ
چند سکے ہیں مرے ہاتھ میں چھالوں کی طرح

(a) اس شعر میں کس چیز کو تشبیہ دی گئی ہے؟

(b) کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

(c) اس شعر میں حرفِ تشبیہ کیا ہے؟

(ii) 'کنایہ' کسے کہتے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا

(B) کسی بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ کرنا

(C) کلام میں ایسے الفاظ لانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں

(D) کسی مشہور واقعے، شخص، مقام یا روایت کی طرف اشارہ کرنا

(iii) شعر میں کسی بات کا وہ سبب بیان کرنا جو حقیقت میں اس کا سبب نہ ہو، کیا کہلاتا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) استعارہ (B) کنایہ

(C) تضاد (D) حسنِ تعلیل

12. محاوروں اور کہاوتوں سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے : **3 + 1 + 1 = 5**

(i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے تین کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے :

(a) بال بیکا ہونا (b) خون کھولنا

(c) پھولے نہ سمانا (d) تم کس باغ کی مولی ہو

(e) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

(ii) وہ فقرہ، جملہ یا قول جسے بات میں زور پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ________ کہلاتا ہے۔ (خالی جگہ بھرنے کے لیے درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(a) محاورہ (b) کہاوت

(c) فقرہ (d) روزمرّہ

(iii) درج ذیل جملوں پر غور کیجیے اور بتائیے کہ کس جملے میں محاورہ استعمال ہوا ہے؟ (نیچے لکھے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

دیوں کو دیا سلائی دکھائی گئی۔ جوں جوں رات کا اندھیرا گہرا ہوتا جاتا، دیوں کی روشنی زیادہ ہوتی جاتی۔ متفکرانہ لہجے میں مایا نے کہا- ''باباجی! بھیّا ابھی تک نہیں آئے''۔

(a) پہلے (b) دوسرے

(c) تیسرے (d) چوتھے

13. رموزِ اوقاف سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: **2 × 1 = 2**

(i) وہ نشان بنائیے جو جملے میں کسی ایک لفظ یا فقرے کے بعد تھوڑا سا ٹھہرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

(ii) خوشی کا اظہار کرنے کے لیے جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(a) ختمہ (b) سکتہ

(c) فجائیہ (d) سوالیہ

14. شعری اصطلاحات سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: **2 + 1 = 3**

(i) درج ذیل شعر کی ردیف اور قافیے بتائیے:

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

(ii) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ (درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(a) مطلع (b) حسنِ مطلع

(c) شاہ بیت (d) مقطع

## حصّہ – د: ادب (15 نمبر)

## SECTION – D : Literature (15 Marks)

15. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (نوائے اردو: حصّۂ نثر) **2 × 2 = 4**

(i) بھولا زیادہ شوق سے گیتا کیوں سنتا تھا؟

(ii) یہ کس نے کہا کہ 'میرے پاس امان کا پروانہ ہے'؟ یہ کہنے کی وجہ بھی بتائیے۔

(iii) مضمون 'مخلوط زبان' میں اردو زبان کی کیا خوبیاں بتائی گئی ہیں؟

(iv) قدرتی وسائل پر 'صنعتی انقلاب' نے کیا اثرات چھوڑے ہیں؟

16. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (نوائے اردو: حصّۂ نظم) **2 × 2 = 4**

(i) سوداؔ کے اس مصرعے کا مطلب لکھیے: "نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزرے ہے"

(ii) دریائے محبت نے خاموش کھڑے شاعر سے کیا کہا؟

(iii) گرمی میں دیہاتی بازار کا منظر بیان کیجیے۔

(iv) نظم جلوۂ دربارِ دہلی میں 'میرا حصّہ دور کا جلوہ' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

17. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (گلزارِ اردو) **2 × 2 = 4**

(i) پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا اور مصنف کو اس پر رحم کیوں آیا؟

(ii) افسانہ 'دو فرلانگ لمبی سڑک' میں گورے نے کس وجہ سے تانگے والے کو مارا؟

(iii) سلطان نے بابو جی سے کیا درخواست کی اور کیوں؟

(iv) نور خاں نے کمانڈر آفیسر کی شکایت کیوں کی؟ اس شکایت کا کیا اثر ہوا؟

18. درج ذیل میں سے کسی **ایک** صنف کے بارے میں تفصیل سے لکھیے: **3**

(i) افسانہ

(ii) سوانح

(iii) غزل

---